# 12610 ـ روزہ دار کا سنگی لگوانا

**سوال**

کیا رمضان المبارک میں دن کے وقت سنگی لگوانے اورلگانے والے کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟
اوراس کا حکم کیا ہوگا آیا وہ اس کی قضاء کریں گے یا ان پر کیا ہے ، مجھے امید ہے آپ مستفید فرمائیں گے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

سنگی لگانے اورلگوانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے ، اس کے ساتھ انہیں اس دن کھانے پینے سے رکنا ہوگا اوربعد میں اس دن کی قضاء بھی کرینگے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

( سنگی لگانے اورلگوانے والے کا روزہ ٹوٹ گیا ) سنن ابوداود حدیث نمبر ( 2367 ) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر ( 1679 ) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابوداود ( 2074 ) میں اس حدیث کوصحیح قرار دیا ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اورصحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .